www.dailypak.com

ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے (القرآن)

ملتان، لاہور، راولپنڈی/اسلام آباد، کراچی، پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا موثر ترین قومی اخبار فیکس نمبر 9-4577928 فون نمبر 7-4577925

روزنامہ پاکستان ملتان

THE DAILY PAKISTAN MULTAN

چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمٰن شامی

ایڈیٹر: عمر مجیب شامی

Final Local Friday 6 September 2013

جلد 9 | جمعہ 29 شوال 1434ھ 6 ستمبر 2013ء 22 بھادوں 2070ب صفحات 12 قیمت 12 روپے | شمارہ 228

عوام میں سیاسی شعور بیدار ہو چکا ہے اور عوام جان چکے ہیں مسلم لیگ کے حامی امیدوار ہی کامیاب ہونگے۔



خانیوال: تربیتی ورکشاپ میں شریک گورنمنٹ سکولوں کے اساتذہ سے ماسٹر ٹرینرز خطاب کر رہے ہیں۔

# تضادات اساتذہ کی کارکردگی کو متاثر کرتے ہیں، تربیتی ورکشاپ

## ورکشاپ کا مقصد اساتذہ کو معاشرتی احتساب اور شراکتی سکول مینجمنٹ سے متعلق آگاہی دینا تھا

## مسائل کو کمیونٹی کے تعاون سے قابو پایا جاسکتا ہے، ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء میں سرٹیفکیٹ تقسیم

خانیوال (بیورو رپورٹ) انتظامی و ادارتی امور سے متعلق ناکافی معلومات تعلیمی امور کی انجام دہی میں تضادات کو جنم دیتے ہیں اور یہ تضادات اساتذہ کی کارکردگی کو متاثر کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ادارہ برائے پائیدار ترقی، اسلام آباد کے زیر اہتمام گورنمنٹ سکولوں کے اساتذہ کے لئے منعقد کی گئی تربیتی ورکشاپ کے دوران کیا گیا۔ تربیتی ورکشاپ کا مقصد اساتذہ کو ''معاشرتی احتساب'' اور ''شراکتی سکول مینجمنٹ'' سے متعلق آگاہی دینا تھا۔ علم آئیڈیاز اور برطانوی ادارہ برائے عالمی امداد کے تعاون سے کی گئی ادارہ برائے پائیدار ترقی کی تحقیق کے مطابق صوبہ پنجاب کے اساتذہ اب صرف تعلیمی امور کیلئے وقف نہیں رہ گئے بلکہ ان کے ذمہ پولیو مہم، ڈینگی شعور مہم، مختلف مقاصد کیلئے سروے اور الیکشن مانیٹرنگ جیسے کام بھی شامل ہیں۔ جن کے باعث تعلیمی امور پر توجہ مرکوز کرنا ان کیلئے مشکل سے مشکل تر ہوتا جا رہا ہے۔ ورکشاپ کے دوران اساتذہ نے کہا کہ پالیسیاں بناتے وقت محکمہ تعلیم کو اساتذہ کی رائے کا احترام کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کی سکولوں میں مناسب تقسیم ہونی چاہیے۔ کئی سکولوں میں زائد اساتذہ فارغ بیٹھے ہیں جبکہ کئی سکولوں میں ناکافی اساتذہ کی وجہ سے بچوں کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے۔ تربیتی ورکشاپ کے دوران اساتذہ کو یہ بتایا گیا کہ اپنے بہت سارے مسائل کے اوپر وہ کمیونٹی کے تعاون سے قابو پا سکتے ہیں۔

لڑکی اغوا کار رنج، مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی